نام: ____________________ رول نمبر: ____________________ سیکشن: ____________________

اردو | **اطلاقی گرامر: مذکر مؤنث** | **جماعت: دوم**



پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ نر اسم کے لیے لفظ مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً لڑکا ، خالو اور شیر

جب کہ مادہ اسم کے لیے لفظ مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً لڑکی ، خالہ اور شیرنی وغیرہ



| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| والد | والدہ |
| نوکر | نوکرانی |
| استاد | استانی |
| راجا | رانی |
| تایا | تائی |

1۔ **درج ذیل جملے پڑھ کر خط کشیدہ اسم مذکر کی درست مؤنث اور اسم مؤنث کے درست مذکر منتخب کیجیے۔**



i. والد اخبار پڑھ رہے ہیں اور ______ کھانا پکا رہی ہیں۔ (خالہ ، والدہ)



ii. شیر شکار کر رہا تھا اور ______ جنگل کی طرف جا رہی تھی۔ (شیرنی ، مورنی)

iii. تائی جان نماز پڑھ رہی ہیں اور ______ جان تلاوت کر رہے ہیں۔ (چچا ، تایا)

iv. رانی لوگوں کی مدد کر رہی ہو گی اور ______ آرام کر رہا ہو گا۔ (راجا ، بادشاہ)



v. لڑکے کرکٹ کھیل رہے ہیں اور ______ گڑیا سے کھیل رہی ہیں۔ (بچیاں ، لڑکیاں)

vi. استانی صاحبہ پڑھا رہی ہیں اور ______ صاحب سمجھا رہے ہیں۔ (درزی ، استاد)

vii. نوکر بازار سے سامان لائے گا اور ______ کام کرے گی۔ (مالن ، نوکرانی)

viii. خالہ جان میرے لیے گڑیا جب کہ ______ جان گھڑی لائے تھے۔ (خالو ، ماموں)

LIVEWORKSHEETS